سوال

(230) سگی پھچی سے نکاح کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے اپنی سگی پھچی سے نکاح کیا ہے باوجودیکہ پچازاد بہن بھی اس عورت کی طرف سے ہے اس صورت میں اس عورت سے نکاح کرنا ازروئے شرع شریف درست ہوگا یا نہ؟ بینوا جروا!

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سگی پچی سے اس وقت نکاح درست نہیں ہے جبکہ پچازاد بہن اسی پچی کے بطن سے اس شخص کے نکاح میں ہو کیونکہ ساس سے نکاح درست نہیں ہے۔

وَأُمَّهَـٰتُ نِسَآئِكُمْ ۲۳ ... سورة النساء

"اور تمھاری بیبیوں کی مائیں تم پر حرام کی گئی ہیں۔

اگر پچازاد بہن اس شخص کے نکاح میں نہیں ہے یا ہے لیکن اس پچی کے بطن سے نہیں ہے تو اس صورت میں سگی پچی سے نکاح درست ہے۔

وَأُحِلَّ لَكُم مَّا وَرَآءَ ذَٰلِكُمْ ۲٤ .... سورة النساء

(اور تمھارے لیے حلال کی گئی ہیں جو ان کے سوا ہیں) کتبہ محمد عبداللہ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح، صفحہ: 420